© rasailojaraid.com



# رسید تحائفِ احباب

مجلّہ فقہ اسلامی کے قارئین اور ہمارے بعض محبین نے حسب ذیل تحائف ہمیں بھیجے ہیں ہم اپنے ان احباب کا شکریہ ادا کرتے ہیں اور اللہ تعالی سے دعاء گو ہیں کہ وہ مرسلین کو اجر جزیل سے سرفراز فرمائے (آمین)

مخدوم ومحترم جناب صاحبزادہ محمد بدرالاسلام (آف آستانہ عالیہ نقشبندیہ کالا دیوشریف جہلم) نے نہایت عمدہ، نفیس اور خوبصورت علمی تحائف کا گلدستہ ارسال کیا ہے۔ جس میں حسب ذیل پھول کلیاں سجے ہیں۔

| | |
|---|---|
| فتاوی مرکزی دارالعلوم حزب الاحناف | ہادی عالم ﷺ کا حج مبارک |
| منہاج القبول فی آداب الرسول ﷺ | ندائے یارسول اللہ |
| تحفۃ الاحباب فی مسئلہ ایصال الثواب | دلیل زائرحرم (خورد وکلاں) |
| المکتوبات المجددیہ (بزبان عربی) | مہمان نوازی کے آداب |
| مقاصد السالکین | احکام طہارت |

گلدستہ کے ان گلوں کے بارے میں مختصراً یہ کہا جاسکتا ہے کہ ۔ ہر گلے را رنگ وبوئے دیگر است۔ ان میں المکتوبات المجددیہ، احکام طہارت، دلیل زائرحرم، حضرت علامہ مفتی محمد علیم الدین نقشبندی دامت برکاتہم کی تصنیفات ہیں جبکہ منہاج القبول فی آداب الرسول ﷺ، تحفۃ الاحباب فی مسئلہ ایصال الثواب حضرت مولانا محمد صالح نقشبندی مجددی کی تالیفات ہیں۔

مقاصد السالکین حضرت خواجہ ضیاء اللہ نقشبندی مجددی کی تالیف منیف ہے جس کا اردو ترجمہ جناب صاحبزادہ بدرالاسلام صدیقی مجددی نے کیا ہے۔ جبکہ "مہمان نوازی" تو ان کے اپنے گھر کا زیور ہے جو انہیں اپنے خانوادہ سے میراث میں عطا ہوا اور انہوں نے اسے خوبصورت الفاظ کی زبان دیکر افادہ عامہ کے لئے اسی طرح عام کردیا ہے جس طرح اس آستانہ کا فیض عام ہے۔ آستانہ عالیہ کالا دیوشریف کے صاحبزادگان کی دیگر صفات پر یہ صفت غالبا غالب ہے کہ وہ سب کے سب باعمل عالم اور دین کے اس طرح خادم ہیں کہ، تصنیف وتالیف، ترجمہ وتحقیق، اور علمی مجالس کا انعقاد ان کا طرہ امتیاز ہوگیا ہے۔ علم وتحقیق کی جو خدمت کسی دور میں سیال شریف کے فیض سے آستانہ عالیہ گولڑہ

بقیہ صفحہ نمبر ۴۳ پر ملاحظہ فرمائیں

☆ الغرم بالغنم ☆ خسارہ نفع کے ساتھ ساتھ ہی ہوتا ہے ☆

© rasailojaraid.com